Readout by the Official Spokesperson on the India-Sri Lanka Virtual Bilateral Summit

September 24, 2020

بھارت- سری لنکا کے مابین ورچوئل دوطرفہ سمٹ کے حوالے سے سرکاری ترجمان کے بیانیہ

24 ستمبر، 2020

1- ہندوستان کی میزبانی میں 26 ستمبر 2020 کو وزیر اعظم نریندر مودی اور سری لنکا کے وزیر اعظم مہندا راجاپاکسہ کے درمیان ایک ورچوئل طور پر دوطرفہ سمٹ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

2- یہ پہلا موقع ہوگا جب وزیر اعظم مودی کسی ہمسایہ ملک کے ساتھ پہلی مرتبہ اس طرح کے ورچوئل دوطرفہ سربراہی اجلاس کا انعقاد کریں گے۔ اور وزیر اعظم راجپاکسہ کے 09 اگست 2020 کو وزیر اعظم کے عہدے کا حلف اٹھانے کے بعد کسی بیرونی ملک کے رہنما کے ساتھ پہلی سفارتی ملاقات ہوگی۔

3- ہندوستان - سری لنکا کے باہمی تعلقات ہمیشہ سے با قاعدہ طور پر اعلی سطح کے تبادلے سے روشناس رہے ہیں۔ اس طرح کے تبادلے نے باہمی تعاون اور تعلقات کو تیز رفتار ترقی فراہم کی ہے جو کہ حقیقت میں کثیر جہتی پر مبنی ہیں اور تجارت، سیکیورٹی، دفاع، ثقافت اور سیاحت وغیرہ جیسے شعبوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔

4- وزیر اعظم مودی نے سری لنکا کے صدر اور وزیر اعظم دونوں کے ساتھ باقاعدہ طور پر بات چیت برقرار رکھی ہے۔ ورچوئل دوطرفہ سربراہی اجلاس سے پہلے نومبر 2019 اور فروری 2020 میں بالترتیب صدر گوتبیا راجپاکسہ اور وزیر اعظم مہندا راجپاکسہ نے ہندوستان کا دورہ کیا ہے۔ اس کے بعد بھی، قائدین نے متعدد مواقع پر ٹیلیفون پر ایک دوسرے سے قریبی رابطے میں رہے ہیں اور کووڈ 19 وبائی مرض کے صحت اور معاشی اثرات سے نمٹنے کے لئے تعاون کے تناظر میں بھی رابطے میں رہے ہیں۔

5- وزیر اعظم مہندا راجپاکسہ کی قیادت میں سری لنکا پڈوجانا پیرامونا (ایس ایل پی پی) کی انتخابی جیت کے بعد، وزیر اعظم مودی 06 اگست 2020 کو ٹیلیفون پر جناب راجاپاکسہ کو مبارکباد دینے والے پہلے رہنما تھے۔ وزیر اعظم مودی نے صدر گوتبیا راجپاکسہ اور وزیر اعظم مہندا راجاپکسہ کو مبارکبادی خط بھی ارسال کیے۔ ابھی حال ہی میں، دونوں صدر گوتبیا راجپاکسہ اور وزیر اعظم مہندا راجاپکسہ نے 17 ستمبر 2020 کو وزیر اعظم کو ان کی سالگرہ کی مبارکباد پیش کرنے کے لئے فون کیا تھا۔ اس سے قبل 27 مئی 2020 کو، وزیر اعظم مودی نے وزیر اعظم مہندا راجاپاکسہ

کے سری لنکا کی پارلیمنٹ میں داخل ہونے کے 50 سال مکمل ہونے پر مبارکباد دینے کے لئے ان سے بات کی تھی۔

6۔ کووڈ 19 کی وجہ سے درپیش چیلینج سے بھرے حالات میں اس طرح کے ایک ورچوئل دوطرفہ اجلاس کا انعقاد، دونوں پڑوسی ممالک کے مابین گہرے تہذیبی تعلقات اور مشترکہ ورثے کا گواہ ہے۔ یہ ہندوستان کے 'ہمسایہ فرسٹ' کے نقطہ نظر اور ساگر نظریہ کی بھی عکاس ہے۔

7۔ ورچوئل دوطرفہ اجلاس دونوں رہنماؤں کو موقع فراہم کرے گا کہ وہ دونوں ممالک کے مابین دیرینہ دوستانہ تعلقات کے تناظر میں دوطرفہ تعلقات کے وسیع فریم ورک کا جامع جائزہ لیں اور باہمی دلچسپی کے اہم امور پر مضبوط اور گہری باہمی تعاون کی شراکت کے لئے وسیع سیاسی سمت فراہم کرے گی۔

نئی دہلی

24 ستمبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.